

## رضوی تصانیف کسی خاص سرحد تک محدود نہیں ہیں

آستان قدس رضوی رضوی حضرات معصومین علیہم السلام خصوصاً حضرت امام علی رضا ؑ کی سیرت اور طرز زندگی کو فروغ دینے کا بہترین تبلیغی، ثقافتی اور علمی مرکز ہے جوکہ اب تک متعدد تصانیف کو دنیا کی متعدد زبانوں میں زیور طبع سے آراستہ کر کے قارئین کے لئے شائع کرچکا ہے ،آستان قدس رضوی کے خصوصی اشاعتی ادارے جیسے زائر رضوی پبلی کیشنز ،اسلامک ریسرچ فاونڈیشن اور بہ نشر کمپنی مختلف زبانوں جیسے فرینچ ،انگریزی ،تاجکی ،عربی ، ہوسا ،روسی ،اردو ،اذری ،جرمن اور بنگالی میں مختلف موضوعات جیسے بچوں ،نوجوانوں ،آداب زیارت ، امام رضا(ع) ،حدیث سلسلۃ الذہب ،زائر اور زیارت کی ثقافت اور دیگر کئی موضوعات پر متعدد کتب ترجمہ کرانے کے بعد قارئین کی خدمت میں پیش کرچکے ہیں ،اس کے علاوہ بہت ساری دیگر زبانوں جیسے عربی میں تحریر کی گئی اہم کتب کا فارسی میں ترجمہ بھی آستان قدس رضوی کے توسط سے انجام پاچکا ہے اور گزشتہ چار دہائیوں کے دوران ملکی و غیرملکی کتاب فیسٹیولز میں متعدد بار انعامات بھی وصول کرچکی ہیں۔

## ثقافتی اور علمی نشستوں کا انعقاد

آستان قدس رضوی کی کتاب اور کتابخوانی کے فروغ کے لئے ایک اہم فعالیت آستان قدس رضوی کی لائبریریز اور بک ڈپو پر علمی و ثقافتی نشستوں کا انعقاد ہے ،اس کے لئے بک کال ،ٹیکسٹ ریڈنگ ،شمس ادبی میٹنگ ،بک تھراپی ،کہانیوں کا زمانہ ،اسٹوڈنٹ بک چینل ،بچوں اور نوجوانوں کے لئے تخلیقی نشست ،بک شوایونٹ ،کتاب پر تنقید و جائزہ ،شاعری کی رات ،رضوی داستان تحریر کرنے والوں کا عصرانہ اور دیگر کئی کتاب محور پروگرامز آستان قدس رضوی کے ایجنڈے میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ حرم امام رضا علیہ السلام کے مشرقی حصے میں ''رواق کتاب'' کی تأسیس اور دیگر رواقوں میں بھی اسٹڈیز کے مراکز کا قیام جملہ اقدامات ہیں جنہیں آستان قدس رضوی نے کتاب اور کتابخوانی کے فروغ کے لئے انجام دیا ہے۔

## تہران کی نیشنل لائبریری کی بنیاد وقف پر ہے

قاجاری دور حکومت کے بہت بڑے تاجر حاج حسن آقا ملک فرزند حاج محمد کاظم ملک نے ۱۳ ویں صدی ہجری کے آخری سالوں میں نیشنل لائبریری اور میوزیم کی بنیاد رکھنے کے بعد اس بیش بہا قیمتی خزانے کو ۱۹۳۷ میں حرم امام رضا ؑ کے لئے وقف کر دیا۔ اس وقت یہ قیمتی خزانہ آستان قدس رضوی کا ایک ثقافتی انسٹیٹیوٹ ہے جو آستان قدس رضوی کی براہ راست نگرانی اور وقف نامہ کے مطابق غیر سرکاری اور غیر منافع بخش طریقے سے فعالیت کررہا ہے۔ منشور کے مطابق ''ملک نیشنل لائبریری اور میوزیم'' کے خاص اہداف و مقاصد ہیں جس میں تعلیم کو فروغ دینا ،وقف نامہ پر عملدرآمد یقینی بنانا ،وقف کی ثقافت کو فروغ دینا ،خزانے کی حفاظت ،مزید کتب اکھٹی کرنا اور لائبریری کو توسیع دینے کے ساتھ ماضی کے تاریخی اور ثقافتی آثار کو از سر نو شناخت کروانا وغیرہ شامل ہیں۔

## کتابخوانی کی ثقافت کو فروغ دینے کے لئے رضاکارانہ خدمات انجام دینا

بسوں سے مخیر حضرات کے تعاون سے رضاکارانہ خدمات انجام دینے والے مراکز قائم کررہا ہے یہ مراکز مختلف ثقافتی ،سماجی اور حتی اقتصادی شعبوں میں بھی فعالیت کر رہے ہیں ،کتاب اور کتابخوانی کے رضاکارانہ اور اعزازی مراکز ؛آستان قدس رضوی کے ان انیس خصوصی اور علمی مراکز میں سے ایک ہیں جنہیں حرم امام رضا ؑ کے متولی کے تعاون اور اسلامی جمہوریہ ایران کی برکت سے ۲۰۱۸ میں تاسیس کیا گیا ،ہمارے وسیع و عریض ملک میں کتاب اور کتابخوانی کے لئے اعزازی اور رضاکارانہ طور پر خدمات انجام دینے والے افراد دو طرح سے یعنی کمیٹی اور صوبائی سطح پر خدمات فراہم کررہے ہیں۔

اہم الفاظ: آستان قدس رضوی، حرم امام رضا(ع)، کتاب ،کتابخوانی ،مطالعہ ،پبلی کیشنز ،تہران ،لائبریری ،میوزیم ،نیشنل لائبریری ،بک ڈپو